شرائطِ نکاح نامہ

Marriage Agreement Conditions

نکاح علانیہ ایجاب و قبول کے ساتھ مرد و عورت کے درمیان مستقل رفاقت کا عہد ہے، جو لوگوں کے سامنے اور کسی ذمہ دار شخصیت کی جانب سے اس موقع پر تذکیر و نصیحت کے بعد، پورے اہتمام اور سنجیدگی کے ساتھ باندھا جاتا ہے۔ یہ عہد محبت، اعتماد اور ذمہ داری کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے۔ شریعت دونوں کو یہ حق دیتی ہے کہ وہ اس رشتے کے آغاز ہی میں اپنی ازدواجی زندگی کے اہم عملی، مالی اور سماجی پہلوؤں سے متعلق بعض امور باہمی رضامندی سے طے کر لیں، تاکہ بعد میں کسی قسم کی غلط فہمی یا نزاع کے امکانات کم ہو جائیں۔

Nikkah is a covenant of lasting companionship between a man and a woman, made through public offer and acceptance. It is concluded in the presence of people, after a reminder and words of counsel from a responsible person on the occasion, with full care and seriousness. This covenant is founded on love, trust and responsibility. The Shariah grants both parties the right to settle, by mutual consent at the very outset of this relationship, certain matters relating to the important practical, financial, and social aspects of their married life, so that the likelihood of any misunderstanding or dispute later on is reduced.

زیرِ نظر دستاویز میں انہی بنیادی پہلوؤں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے چند اہم نکات درج کیے گئے ہیں، جن پر فریقین نکاح سے پہلے اتفاق یا اختلاف کا اظہار کر سکتے ہیں۔ ضرورت محسوس ہو تو فریقین اس میں اپنی مرضی سے دیگر شرائط کا اضافہ بھی کر سکتے ہیں۔

The following document outlines essential areas for mutual agreement or disagreement before marriage. Couples may add further conditions as per their needs and mutual understanding.

1- شوہر نکاح کے بعد رہائش، خوراک، بل، بچوں کی تعلیم وغیرہ جیسے تمام بنیادی اخراجات کا ذمہ دار ہو گا۔

1. The husband will be responsible for essential expenses such as housing, food, utilities, and children's education.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

2- بیوی کی ذاتی آمدنی پر اس کا مکمل اختیار ہو گا۔ وہ اسے اپنی مرضی سے استعمال کر سکتی ہے۔

2. The wife shall have full authority over her personal income. She may use it as she wishes.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

3- فریقین اس بات پر متفق ہیں کہ بیوی کو جوائنٹ فیملی میں رہنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ علیحدہ رہائش کا فیصلہ باہمی مشورے سے کیا جائے گا۔

3. The couple agrees that the wife will not be compelled to live in a joint family system. The decision regarding separate residence shall be made through mutual consultation.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

4- بیوی کو شرعی دائرے میں رہتے ہوئے ملازمت یا اپنا کیریئر جاری رکھنے کی آزادی حاصل ہوگی، بشرطیکہ نکاح سے قبل یا بعد شوہر کی واضح رضامندی موجود ہو۔

4. The wife may pursue a career or employment within the bounds of Islamic guidelines, provided the husband gives clear consent before or after marriage.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

5- نکاح کے ابتدائی ایک یا دو سال (یا باہمی طور پر طے شدہ مدت) تک اولاد کی خواہش کو مؤخر رکھنے پر دونوں فریق متفق ہوں گے تاکہ ازدواجی زندگی کو سمجھنے اور مستحکم کرنے کا موقع ملے۔

5. Both parties shall agree to defer the wish for children during the first one or two years of the Nikkah (or for a mutually agreed period), to allow time for mutual understanding and

stability.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

6- بچوں کی تعداد باہمی مشورے سے طے کی جائے گی، اور اس سلسلے میں دونوں فریق کی صحت، مالی حیثیت اور ذہنی و جذباتی آمادگی کو مدِ نظر رکھا جائے گا۔

6. The number of children will be determined by mutual agreement, and in this regard, the health, financial position, and mental and emotional readiness of both individuals shall be taken into account.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

7- بچوں کی تعلیم و تربیت میں دینی اور دنیاوی دونوں پہلوؤں کو اہمیت دی جائے گی۔

7. Children will be raised with emphasis on both religious and worldly education.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

8- طلاق کا شرعی اختیار اصولاً شوہر کے پاس ہو گا، جبکہ بیوی کو خلع حاصل کرنے کا شرعی حق بھی حاصل ہو گا۔

8. The Shariah right of divorce shall, in principle, rest with the husband, while the wife shall also have the Shariah right to obtain khula.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

9- غصے، جذباتی کیفیت یا جھگڑے کی حالت میں دی گئی طلاق اس وقت تک نافذ نہیں مانی جائے گی جب تک وہ شعوری طور پر اور شرعی اصولوں کے مطابق نہ ہو۔

9. Any divorce issued in anger or emotional instability will not be considered valid unless given consciously and in accordance with Islamic procedure.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

10- سوشل میڈیا یا کسی عوامی پلیٹ فارم پر ازدواجی معاملات، ذاتی تنازعات یا نجی زندگی کی تشہیر نہیں کی جائے گی۔

10. No private or marital matters will be shared on social media or public platforms.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

11- دونوں فریق غیر محرم افراد کے ساتھ غیر ضروری میل جول، گفتگو یا دوستی سے

اجتناب کریں گے۔

11. Both parties shall refrain from unnecessary socialising, conversation, or friendship with non-mahram individuals.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

12۔ گھریلو ذمہ داریوں کی تقسیم باہمی مشورے سے کی جائے گی اور کسی ایک فریق پر یک طرفہ طور پر بوجھ نہیں ڈالا جائے گا۔

12. Household responsibilities shall be divided through mutual consultation, and the burden shall not be placed unilaterally on either individual.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

13۔ بیوی کو نکاح کے بعد تعلیم حاصل کرنے، ذاتی ترقی کرنے یا سیکھنے سکھانے کے مواقع حاصل ہوں گے۔

13. The wife is free to pursue further education, self-development, or skills training after marriage.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

14۔ بیوی کو اپنے والدین سے ملاقات، ان کے ساتھ وقت گزارنے اور ان سے رابطہ رکھنے کا حق حاصل ہو گا، اور شوہر اس سلسلے میں سہولت فراہم کرے گا۔

14. The wife shall have the right to meet her parents, spend time with them, remain in contact with them, and the husband shall facilitate this.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

15۔ اگر شوہر دوسری شادی کا ارادہ رکھے تو:

- وہ بیوی سے پیشگی تحریری اجازت حاصل کرے گا۔
- اگر پہلے سے اولاد موجود ہے، تو دوسری شادی بیوی اور بالغ اولاد دونوں کی باقاعدہ اجازت سے مشروط ہو گی۔

15. If the husband intends to marry again:

- He will obtain prior written consent from the first wife.
- If children already exist, he must also seek consent from the wife and adult children.
- This clause aims to preserve emotional balance and family trust.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

(جن ممالک میں دوسری شادی قانوناً ممنوع ہے وہاں اس کی خلاف ورزی دراصل اسلام کی بھی خلاف ورزی ہے اور ممنوع ہے۔)

(In countries where a second marriage is prohibited, violating that law is in fact also a violation of Islam, and is therefore impermissible.)

16- ازدواجی تعلقات باہمی محبت، ذہنی آمادگی، عزت و وقار اور شرعی دائرے میں رکھے جائیں گے۔ یہ تعلق کبھی بھی دباؤ، ضد یا جذباتی ردعمل کی بنیاد پر قائم نہیں کیا جائے گا۔

16. Physical intimacy shall be grounded in mutual love, emotional readiness, dignity, and within Islamic bounds. It shall never be initiated under compulsion, emotional pressure, or as a reactionary act.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

17- گھریلو امور عملی معاملات میں اختلاف کی صورت میں شوہر کا فیصلہ نافذ العمل ہوگا۔

17. In practical household disagreements, the husband's decision shall be final.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

18- کسی جرم کی صورت میں اگر شوہر لمبے عرصے کے لیے قید میں چلا جائے تو عورت اپنی زندگی کے معاملات میں آزاد ہوگی، اور شوہر اسے علیحدگی کا حق دے گا۔

18. If the husband is imprisoned for a long duration due to a criminal case, the wife shall have autonomy over her personal life and the right to separation.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

19- شوہر اگر کسی مالی معاملے میں قرض دار ہو جائے تو بیوی اس قرض کی شرعی و قانونی طور پر ذمہ دار نہیں ہو گی۔

19. If the husband becomes indebted, the wife shall not be held responsible legally or religiously for his debt.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

20- اختلاف یا ناراضی کی صورت میں کوئی بھی فریق بلا ضرورت یا مستقل طور پر گھر چھوڑ کر نہیں جائے گا، بلکہ باہمی گفتگو، مشاورت یا ثالثی کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی کوشش کرے گا۔

20. In the event of disagreement or displeasure, neither party shall leave home without necessity or permanently; instead, each shall try to resolve the matter through mutual conversation, consultation, or arbitration.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

21- دونوں فریق زبان کی پاکیزگی اور نکاح کے احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے گالی، تضحیک، تحقیر یا ایک دوسرے کے والدین اور اہلِ خانہ کے بارے میں توہین آمیز زبان استعمال نہیں کریں گے۔

21. Mindful of the purity of speech and the sanctity of Nikkah, neither party shall use abusive, mocking, demeaning, or insulting language toward the other or about the other's parents and family members.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

22- ازدواجی زندگی کے ہر سال کے اختتام پر دونوں فریق باہم مل کر اپنی زندگی کا جائزہ لیں گے اور بہتری کے لیے اقدامات پر بات کریں گے۔

22. At the end of each year, the couple will review their marital journey and identify ways to improve it further.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

23- شادی کے بعد میاں بیوی کی مشترکہ مالی شرکت سے بننے والی جائیداد میں دونوں برابر کے شریک سمجھے جائیں گے، اور علیحدگی کی صورت میں جائیداد سرمائے کی تناسب سے تقسیم کی جائے گی۔

23. Any property jointly acquired after marriage through shared financial investment will be co-owned and, in the case of separation, divided proportionally based on contribution.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

24۔ ذہنی صحت کے لیے دونوں فریق ضرورت پڑنے پر ماہرِ نفسیات سے پیشہ ورانہ مدد لینے پر آمادہ ہوں گے۔

24. For mental well-being, both parties agree to seek professional counseling or therapy when needed.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

25۔ اولاد نہ ہونے کی صورت میں دونوں فریق باہمی مشورے سے طبی معائنے اور مناسب علاج کے لیے آمادہ ہوں گے۔

25. If there are no children, both parties shall, through mutual consultation, be willing to undergo medical examination, and appropriate treatment.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

26۔ دونوں فریق اپنی وصیت کے مندرجات سے ایک دوسرے کو باخبر رکھیں گے، تاکہ زندگی کے بعد بھی مالی اور عائلی معاملات میں شفافیت برقرار رہے۔

26. Both parties shall inform each other about the contents of their will, to ensure clarity and transparency in financial and family matters beyond life.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

27- بیوی شوہر کے والدین کی مستقل خدمت کی شرعی و اخلاقی حدود میں رہتے ہوئے پابند ہوگی، خاص طور پر اگر وہ شوہر کے ساتھ رہتے ہوں۔ اسی طرح شوہر بیوی کے والدین کے ساتھ حسن سلوک، احترام اور ممکنہ مدد کا رویہ اپنائے گا۔ بوڑھے والدین کے ضروری اخراجات میں دونوں فریق ایک دوسرے کے لیے رکاوٹ نہیں بنیں گے۔

27. The wife shall, within Islamic and ethical bounds, care for the husband's parents if they reside with the couple. Similarly, the husband shall treat the wife's parents with respect and assist where possible. Neither party shall obstruct or oppose contributing to the needs of elderly parents.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

28- شادی کے بعد اگر اپنی اولاد نہ ہو تو کسی بچے کو گود لینے یا کفالت میں لینے سے متعلق کوئی بھی فیصلہ دونوں فریق کی باہمی رضامندی سے کیا جائے گا۔

28. If, after marriage, the couple has no children of their own, any decision about adopting a child or taking a child into their custody shall be made with the mutual consent of both parties.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

29- محض اولاد نہ ہونے کی صورت میں بیوی کو طلاق نہیں دی جائے گی، بلکہ دونوں فریق علاج، صبر اور باہمی رضا و تعاون کا راستہ اختیار کریں گے۔

29. The wife shall not be divorced merely because there are no children; rather, both parties shall take the path of treatment, patience, and mutual goodwill and cooperation.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

30- دونوں فریق اس بات پر متفق ہوں گے کہ بچوں کی موجودگی میں کسی بھی قسم کی تکرار یا سخت لہجے سے اجتناب کیا جائے گا۔

30. The couple agrees to avoid arguments or harsh exchanges in the presence of children.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

31- اگر علیحدگی ہو تو بچوں کی پرورش، تعلیم، رہائش اور مالی اخراجات سے متعلق امور باہمی رضامندی سے طے کیے جائیں گے۔

31. In the event of separation, matters concerning the children's upbringing, education, residence, and financial expenses shall be settled by mutual consent.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

32- اہم مذہبی یا خاندانی مواقع، مثلاً عیدین، شادی بیاہ اور عمرہ وغیرہ کے موقع پر دونوں فریق باہمی مشورے سے وقت اور شرکت کے بارے میں فیصلہ کریں گے۔

32. On important religious or family occasions, such as the two Eids, weddings, and Umrah, both parties shall decide by mutual consultation on timing and participation.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

33۔ دونوں فریق اپنی ظاہری وضع قطع، لباس اور طرزِ عمل میں ایک دوسرے کے احساسات، مذہبی اقدار اور سماجی روایات کا احترام کریں گے۔

33. In their outward appearance, dress and conduct, both parties shall respect each other's feelings, religious values, and social traditions.

☐ اتفاق/ Agree ☐ عدم اتفاق/ Disagree

دستخط / Signatures : ____________________

شوہر / Husband : ____________________

بیوی / Wife : ____________________

تاریخ / Date : ____________________

Disclaimer: A pre-Nikah guide to avoiding disputes, not a legal contract. Local law prevails; violating it also violates Islam.

وضاحت: یہ نکاح سے پہلے تنازعات سے بچنے کے لیے رہنما دستاویز ہے، کوئی قانونی معاہدہ نہیں۔ ملکی قانون مقدم ہے؛ اُس کی خلاف ورزی اسلام کی بھی خلاف ورزی ہے۔